ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس　　　پرچہ I (معروضی طرز)

وقت: 20 منٹ　　　(پہلا گروپ)　　　کل نمبر: 15

نوٹ: اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

-1 ہر سوال کے آخر میں چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک جواب درست ہے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے: 15

(i) ہوم اکنامکس ایک مضمون ہے:
(محدود۔ وسیع۔ دلچسپ۔ غیر ضروری)

(ii) ہوم اکنامکس کا اہم مقصد اور تصور ہے:
(گھریلو فلاح و بہبود۔ شہریت۔ توازن۔ اضافی ضروریات)

(iii) ہر گھرانے کی خوشی کا دارومدار ہوتا ہے:
(والدین پر۔ گھر کے افراد پر۔ معاشرہ پر۔ رشتہ داروں پر)

(iv) اپنے آپ کو سمجھنے کے لئے جائزہ لینا ضروری ہے:
(ماحول کا۔ اپنی صحت کا۔ اپنی شخصیت کا۔ افراد خانہ کا)

(v) دو سے تین سال کا بچہ کھانا چاہتا ہے:
(بڑوں سے۔ خود۔ ماں سے۔ خود نہیں)

(vi) مختلف قسم کے خوف بچے کی ذہنی نشوونما کے ساتھ ہوتے ہیں:
(کم۔ اوسط۔ پیدا۔ بڑھتے)

(vii) گستاخی سے پیش آنا اور جھگڑنا کی اصل وجہ ہے:
(خوف۔ محرومی۔ غربت۔ عمروں میں اختلاف)

(viii) آپ ہمیشہ کوشش کریں کہ دلچسپی لیں اپنے بہن بھائیوں کے:
(دل پسند مشاغل میں۔ کھیلوں میں۔ پڑھنے میں۔ گھومنے پھرنے میں)

(ix) بنیادی رنگ ہیں:
(زرد، نیلا، سرخ۔ زرد، نیلا، سبز۔ پیلا، سبز، سرخ۔ سرخ، نارنجی، پیلا)

(x) اسلام عورتوں کو تعلیم دیتا ہے کہ وہ پہنیں لباس:
(سادہ اور موزوں۔ قیمتی۔ عریاں۔ بھڑکیلا)

(xi) وولن اور ورسٹڈ ...... کپڑے کی دو قسمیں ہیں:
(سوتی۔ لینن۔ اونی۔ رے آن)

(xii) کاٹن کا کپڑا بنایا جاتا ہے:
(سوت سے۔ ریشم کے کیڑے سے۔ پولی ایسٹر سے۔ نائلون سے)

(xiii) ریشم کا کیڑا اپنا دور حیات مکمل کرتا ہے:
(دو ہفتے میں۔ تین ہفتے میں۔ چار ہفتے میں۔ پانچ ہفتے میں)

(xiv) ڈرائی کلین کا مطلب ہے کپڑوں کو بغیر ...... کے دھونا:
(صابن۔ پانی۔ واشنگ پاؤڈر۔ پٹرول)

(xv) کپاس کو کات کر کپڑا بنایا جاتا ہے:
(سوتی۔ ریشمی۔ اونی۔ گرم)

www.ilmkidunya.com